# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 12 July 2026

Time : 09:00-09:10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۲/ جولائی ۲۰۲۶ء

وقت : 09.00 سے 09.10 / بجے

***** ***** *****

# سرخیاں

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ ریاستی حکومت ایکیوپنکچر طریقۂ علاج کو وسعت دینے کیلئے کوشاں ہے: وزیر اعلیٰ کا تیقن۔

☆ نقل و حمل کے شعبے کو بااختیار بنانے کیلئے برکس مما لک کے درمیان جدید ترین ٹیکنالوجی اور اختراعی حل کا تبادلہ۔

☆ ریاست میں 45 فیصد زرعی رقبے پر خریف کی تخم ریزی مکمل۔

اور۔۔۔ ☆ لارڈز میدان پر انگلینڈ کے خلاف جاری خواتین کے کرکٹ ٹیسٹ میچ میں بھارت کو 269 رنز کی برتری۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے ...

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے یقین دلایا ہے کہ ریاستی حکومت ایکیوپنکچر علاج کے طریقوں کی وسعت اور اس طریقۂ علاج کے تعلیمی ترویج کو بڑھانے کیلئے کوشاں ہے، اور اس کیلئے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔ وہ ناگپور میں ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر انٹرنیشنل کنونشن سینٹر میں ایکیوپنکچر کے موضوع پر منعقدہ قومی کانفرنس ''ایکیوکان'' کے افتتاحی تقریب سے خطاب کرر ہے تھے۔ وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ ہم اپنی آنکھوں سے جو دیکھتے ہیں اس پر یقین رکھتے ہیں اور ایکیوپنکچر علاج کا طریقۂ کار ایسا ہی ہے۔

دریں اثناء، ناگپور کے دابھا علاقے میں جدید ترین سہولیات سے آراستہ ملک کا سب سے بڑا انٹرنیشنل ایگریکلچرل کنونشن اینڈ ایکزیبیشن سینٹر قائم کیا جارہا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ پھڑنویس نے کل اس سینٹر کے کاموں کا معائنہ کیا اور کام کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔

***** ***** *****

شاہراہ اور حمل و نقل کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ برکس مما لک حمل و نقل کے شعبے کو زیادہ موثر اور پائیدار بنانے کیلئے جدید ترین ٹیکنالوجیز اور اختراعی حلوں کا تبادلہ کر رہے ہیں۔ برکس حمل و نقل وزارتی کانفرنس کل ناگپور میں گڈکری کی صدارت میں شروع ہوئی۔ اس موقعے پر گڈکری نے بتایا کہ اجلاس میں متبادل طبعی ایندھن اور آلودگی سے پاک ٹیکنالوجیز کو اپنا کر سڑک، ریل، ہوائی اور آبی نقل و حمل کے شعبوں میں صفر کاربن ٹرانسپورٹ سسٹم بنانے کی کوششوں پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ گڈکری نے کہا کہ اجلاس میں ''برکس وزارتی اعلامیہ 2026'' کو بھی تسلیم کیا گیا۔

***** ***** *****

ریاست میں خریف ہنگام کیلئے تخم ریزی کی سرگرمیوں نے زور پکڑلیا ہے۔ زرعی کمشنریٹ کی 7 جولائی کی رپورٹ کے مطابق ریاست میں 65 لاکھ 11 ہزار 872 ہیکٹر یعنی 45 فیصد رقبے پر بوائی مکمل ہوچکی ہے۔ امراوتی ڈویژن میں سب سے زیادہ بوائی کی شرح 58 فیصد ہے، اس کے بعد چھترپتی سمبھاجی نگر اور ناسک ڈویژن میں 50 فیصد، لاتور ڈویژن میں 44 فیصد، ناگپور ڈویژن میں 39 فیصد، پونے ڈویژن میں 22 فیصد، کولہاپور ڈویژن میں 15 فیصد، جبکہ کوکن ڈویژن میں صرف چار فیصد بوائی ہوئی ہے۔ اس میں تلہن کی 60 فیصد، کپاس 49 فیصد، دلہن 37 فیصد اور اناج کی 30 فیصد بوائی کی گئی ہے۔ جبکہ 65 لاکھ 82 ہزار 623 ہیکٹر رقبے پر گنّے کی کاشت کی گئی ہے۔

ریاست بھر میں گزشتہ ہفتے ہونے والی بارش سے بوائی کے کاموں میں تیزی آئی ہے اور محکمہ زراعت نے توقع ظاہر کی ہے کہ آئندہ چند دنوں میں بوائی کی شرح میں مزید اضافہ ہوگا۔

***** ***** *****

مہاراشٹر اسٹیٹ کامن انٹرنس ایگزامینیشن سیل کے اعلیٰ تعلیم کے تحت، بی پی ایڈ اور ایم پی ایڈ کے تین لاء کورسیز کیلئے مرکزی داخلوں کے رجسٹریشن کی معیاد میں 13 تاریخ تک توسیع کردی گئی ہے۔ سی ای ٹی سیل نے متعلقہ کورسیز کا سی ای ٹی امتحان دینے والے اہل طلباء سے داخلوں کیلئے رجسٹریشن کروانے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

لاتور شہر میں ’’امدادِ باہمی کامپلیکس‘‘ کا سنگِ بنیاد ضلعے کے رابطہ وزیر اور ریاستی تعمیراتِ عامہ وزیر شیویندر سنگھ راجے بھوسلے کے ہاتھوں رکھا گیا۔ تقریباً 20 کروڑ کے صرفے سے تعمیر ہونے والا یہ کمپلیکس چار ہزار سات سو مربع میٹر رقبے پر تعمیر کیا جائے گا اور اس کمپلیکس میں امدادِ باہمی شعبے کے 11 دفاتر ایک ہی جگہ سے کام کریں گے۔

دریں اثناء، شیویندر بھوسلے نے بتایا کہ لاتور کو پینے کے پانی کیلئے اُجنی پشتے کا پانی فراہم کرنے کا دیرینہ مطالبہ ہے' لہٰذا اس سلسلے میں ضرورت پڑنے پر وزیر اعلیٰ سے نمائندگی کی جائے گی۔ بھوسلے نے کہا کہ حکومت اس متبادل کے ساتھ ہی ندی جوڑ منصوبے کے تحت لاتور کیلئے دستیاب اختیارات پر سنجیدگی سے غور کر رہی ہے۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے میں کل دوبارہ زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ اس زلزلے کا مرکز اونڈھا ناگناتھ تعلقے کا ’’وسئ‘‘ قصبہ تھا۔ انتظامیہ کے مطابق، زلزلہ پیماء پر اس زلزلے کی شدت تین اعشاریہ پانچ اور گہرائی پانچ کلومیٹر درج ہوئی ہے۔ ان زلزلوں کی وجہ سے کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے اور ضلع انتظامیہ نے شہریوں سے خوفزدہ نہ ہونے اور افواہوں پر یقین نہ کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر توانائی ترقیاتی ادارے (مہا اُورجا) نے پالکی تقاریب میں شریک ہونے والی دِنڈیوں کیلئے شمسی توانائی پر چلنے والی موبائل چارجنگ کی سہولیات فراہم کی ہیں۔ اسی طرح' وزیرِ ٹرانسپورٹ پرتاپ سرنائیک نے بھی وارکریوں کی خدمت کیلئے اپنے خرچ سے پانچ جدید ترین موبائل چارجنگ وین بھی فراہم کی ہیں۔ ان گاڑیوں میں ایک ہی وقت میں سو موبائل چارج کرنے کی استعداد ہیں۔

***** ***** *****

دریں اثناء، سنت گیانیشور مہاراج اور سنت تکارام مہاراج کی پالکیاں پونے میں اپنا قیام مکمل کر کے آگے کے راستے پر گامزن ہو چکی ہیں۔ سنت تکارام کی پالکی آج ہڑپسر سے جبکہ ماؤلی کی پالکی ساسوڑ سے آگے کیلئے روانہ ہوگی۔

شری سنت نیورتی ناتھ مہاراج کی پالکی اہلیانگر میں داخل ہوئی' جہاں فوجی شعبے کے بیسک ٹریننگ رجمنٹ کی جانب سے وارکریوں میں ناشتہ اور پانی تقسیم کیا گیا۔

اسی طرح سنت مکتائی کی پالکی کی کل بیڑ شہر میں آمد ہوئی' جبکہ پیٹھن کے سنت ایکناتھ مہاراج کی پالکی بھی آج بیڑ ضلع کے راکشس بھون میں قیام کے بعد پیش رفت کرے گی۔

***** ***** *****

پونے کے موشی کچرا ڈپو میں پیش آئے ایک حادثے میں آٹھ افراد کی موت ہوئی ہے' جن میں سے سات افراد کی نعشیں مل گئی ہیں، جبکہ دیگر ایک شخص کی تلاش جاری ہے۔ یہ حادثہ ''ویسٹ ٹو ایز جی'' پروجیکٹ کی انتظامی عمارت پر کچرے کا ڈھیر گرنے کے سبب پیش آیا تھا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع میں فہرستِ رائے دہندگان پر خصوصی نظر ثانی پروگرام کے تحت جاری سرگرمیاں تیز ہو چکی ہیں اور اس پروگرام کا 80 فیصد سے زیادہ کام مکمل ہو چکا ہے۔ ضلع کے 15 لاکھ 41 ہزار سات رائے دہندگان میں سے 12 لاکھ 40 ہزار 211 رائے دہندوں کو ان کے اینیومیریشن فارم تقسیم کیے جا چکے ہیں۔

بیڑ ضلع میں بھی محصول انتظامیہ خصوصی کیمپوں، گھر گھر جا کر اور عوامی بیداری کے ذریعے متعلقہ فارم پُر کروانے کا کام کر رہا ہے۔ بیڑ کے تحصیلدار چندرکانت شیلکے نے پالی میں جاری خصوصی کیمپ کا دورہ کر کے کاموں کا معائنہ کیا۔

***** ***** *****

پربھنی کی وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کی طرف سے گزشتہ تین سالوں سے جاری ''میرا ایک دن میرے بلی راجہ کیلئے'' پہل، مراٹھواڑہ کے آٹھوں اضلاع میں شروع کی گئی۔ ال نینو کی ممکنہ صورتحال کو ذہن میں رکھتے ہوئے یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر اندر منی نے کسانوں سے خریف ہنگام کی منظّم منصوبہ بندی کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ میں کل ''او بی سی مردم شماری: وقت کی ضرورت'' کے موضوع پر ایک روزہ خصوصی سیمینار منعقد ہوا۔ او بی سی کی بزرگ رہنماء سشیلا مورالے کی موجودگی میں سیمینار کا افتتاح عمل میں آیا۔ بعدازاں' سیمینار میں آئندہ مردم شماری کے درخواست فارم میں او بی سی زمرے کیلئے علیحدہ کالم شامل کرنے کی قرارداد اتفاقِ رائے سے منظور کی گئی کر کے حکومت کو روانہ کی گئی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے پیٹھن کی سنت پیٹھ میں اس تعلیمی سال سے، سنت نام دیو گاتھا پرتیکئے، سنت تنتر و گیان اور سمپردائیک سنگیت، کے موضوع سے تین نئے کورسیز شروع کیے جائیں گے۔ اس سنت پیٹھ کے تعلیمی اُمور آئندہ پانچ سالوں کیلئے ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کو سونپے گئے ہیں۔

***** ***** *****

خوراک اور ادویات محکمے نے شولا پور ضلعے کے سانگولا تعلقے کے جوڑا میں اجنکیا رانا ملک انڈسٹریز پر کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 15 لاکھ روپے مالیت کے 37 ہزار 532 لیٹر ملاوٹ شدہ دودھ کو موقعے پر ہی تلف کر دیا۔ اس انڈسٹری کو کمیوں کو ختم کرنے تک کاروبار بند رکھنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔

***** ***** *****

انگلینڈ کے لارڈز میں جاری خواتین کرکٹ ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن کے اختتام پر بھارتی ٹیم نے اپنی دوسری اننگز میں ایک وکٹ کے نقصان پر 154 رنز بنا لیے ہیں۔ اس سے قبل انگلینڈ کی پہلی اننگز 170 رنز پر سمٹ گئی۔ بھارت نے اپنی پہلی اننگز کی بنیاد پر اب تک 269 رنز کی برتری حاصل کر لی ہے۔

***** ***** *****

موسم

مراٹھواڑہ کے، چھترپتی سمبھاجی نگر، جالنہ اور ہنگولی اضلاع میں آئندہ تین دنوں تک ہلکی سے درمیانی بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ جبکہ دیگر اضلاع میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

# سرخیاں

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر....**

- ☆ ریاستی حکومت ایکیوپنکچر طریقۂ علاج کو وسعت دینے کیلئے کوشاں ہے: وزیر اعلیٰ کا تیقن۔
- ☆ نقل و حمل کے شعبے کو بااختیار بنانے کیلئے برکس ممالک کے درمیان جدید ترین ٹیکنالوجی اور اختراعی حل کا تبادلہ۔
- ☆ ریاست میں 45 فیصد زرعی رقبے پر خریف کی تخم ریزی مکمل۔
- اور۔۔۔ ☆ لارڈز میدان پر انگلینڈ کے خلاف جاری خواتین کے کرکٹ ٹیسٹ میچ میں بھارت کو 269 رنز کی برتری۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔